روسی سلطنت کا زوال - ایک مطالعہ
برطانوی، فرانسیسی سلطنتوں کے تناظر میں

انتھونی کلیتن*

ترجمہ: محمد سعید

دسمبر ۱۹۹۴ء میں جمہوریہ چیچنیا کے اعلان آزادی نے ایک نئے المیے کو جنم دیا، جس کے تحت روسی حکمران جنہوں نے نوآبادیاتی نظام کے خاتمے کا عندیہ دیا تھا، وہ انحراف کی راہ پر چل نکلے اور چھوٹی سی جمہوریہ کو پرتشدد فوجی یلغار کا نشانہ بنا دیا۔ روسیوں کا یہ اقدام اپنی روح کے اعتبار سے ۱۹۵۶ء میں نہر سویز پر اینگلو فرنچ ناکام حملے کا ہم پلہ ہے۔ چیچنیا پر روس کی خونی کارروائی کے نتائج لمبی مدت پر محیط اور بہت گہرے ہو سکتے ہیں۔ اگر اس کے نتیجے میں شروع ہونے والی گوریلا سرگرمیوں نے طول پکڑ لیا اور انہیں شمالی کاکیشیا (قفقاز) اور اس کے آگے تک کی مسلم آبادی کی حمایت حاصل ہو گئی، تو ان کے اثرات جمہوریت اور خود روسی آئین پر بھی بہت گہرے ہوں گے۔

چیچنیا میں دسمبر ۱۹۹۴ء کے دوران روسی کارروائی ایک بڑی بدعہدی کی علامت ہے۔ سابق روسی سلطنت یا سوویت یونین نے بادلِ نخواستہ لیکن پرامن طور پر چودہ غیر روسی جمہوریاؤں کی آزادی کو باقاعدہ طور پر تسلیم کر لیا تھا، تاہم چیچنیا ان چودہ علاقوں میں شامل نہیں تھا۔ روسیوں کا اس معاملہ میں فہم و ادراک مختلف ہے۔ چیچنیا کا ہاتھوں سے نکل جانا، کریملن کے لیے قابل قبول نہیں۔ ابتداء میں آزادی کی لہروں کو تسلیم کر لینا، مگر اسی دوران چیچنیا کو انکار کر دینا، اور پھر پُرتشدد کارروائی کر گزرنے جیسا فعل ہمیں تاریخ کے جھروکوں تک لے جاتا ہے۔ بیسویں صدی کی ابتداء میں برطانیہ اور فرانس کے نوآبادیاتی نظام کے خاتمہ

* Anthony Clayton, "The End of Empire: The experience of Britain & France and the Soviet Union/ Russia Compared". November 23, 1999. Web: http:// www.eof.org/papers/coehtm